# بوتھ لیول
# ای -پتریکا




## قومی یوم رائے دہندہ کے موقعے پرخصوصی اشاعت

## "مثالی بی ایل اوز:آزمودہ طریقوں پر عمل پیرا ہوکر سیکھنا"

جلد15

جنوری،2025

## قومی یوم رائے دہندگان کا تصور

25 جنوری کو منایا گیا قومی یوم رائے دہند گان بھارتیہ انتخابی کمیشن کے یوم تاسیس کی سالانہ تقریب کے طور پر منایا جاتا ہے۔ہر سال اس موقعے کی یاد میں بہت ہی منظم تقریبات کا اہتمام10.5 لاکھ پولنگ بوتھوں پر کیا جاتا ہے۔یہ اجتماعات قومی سطح سے لیکر انفرادی سطح تک جس میں ہر ایک تعلق دار شامل ہوتا ہے،ووٹروں کی گوناگوں اور وسیع پیمانے پر شرکت کا ایک جیتا جاگتا اورمنہ بولتا ثبوت ہے۔اس دن پر رائے دہند گان جمہوری عمل کو مستحکم بنانے کا عہد بھی کرتے ہیں۔

## رائے دہندگان کاعہد

’ہم بھارت کے شہری جمہوریت میں اپنی پوری عقیدت رکھتے ہوئے یہ عہد کرتے ہیں کہ اپنے ملک کی جمہوری روایت کے وقار کو بنائے رکھیں گے اورآزادنہ،منصفانہ اور پُر امن انتخابات کے وقار کو بالاتر رکھتے ہوئے بلا مذہب وملت،ذات پات اور زبان یابنا کسی ترغیب کے ہر انتخاب میں حصہ لیں گے‘۔

**حال ہی میںNDTV نے ایک تقریب کی میزبانی کی جس میں بھارتیہ چیف انتخابی کمشنر جناب راجیو کمار نے اپنی فہم وادراک سے ہمیں آگاہ کیا۔**




## ایڈیٹوریل بورڈ

این-این-بٹولیا
سینئر پرنسپل سیکرٹری
( انتخابی فہرست

اشوک کمار
ڈپٹی ڈائریکٹرجنرل
(آئی ٹی)

کلدیپ کمار سہاراوت
ڈائریکٹر (ٹریننگ)
آئی آئی ڈی ای ایم

دیپالی ماسیرکر
ڈائریکٹر(انتخابی منصوبہ بندی)

مدھو سودن گپتا
سیکریٹری، ای وی ایم

سنتوش کمار
سیکریٹری، ایس وی ای ای پی

## ایڈیٹوریل ٹیم

آر کے سنگھ
رابطہ کار، ایس وی ای ای پی

فرحہ علوی
گرافک ڈیزائنر،ایس وی ای ای پی

راشی سکسینہ
سیکشن آفیسر،ایس وی ای ای پی

## پندرھواں قومی یوم رائے دہند گان

قومی یوم رائے دہند گان 2011سے منایا جارہا ہے اور یہ دن ملک کے رائے دہند گان کےلئے وقف ہے۔اس سال قومی یوم رائے دہندگان کا بنیادی موضوع"رائے دہی سے بڑھکر کچھ بھی نہیں ہے،میں ووٹ ضروردونگا" سچی لگن سے ووٹروں کےلئے وقف کیا گیا ہے۔جس سے لوگوں کی انتخابی عمل میں حصّہ لینے کے تیئں انکے ووٹ کے موثر استعمال کے ذریعے جذبات اور خواہشات کا اظہار ہوتا ہے۔قوم کا مستقبل سنوارنے میں ہر ایک ووٹ کی اہمیت کو اُجاگر کرتا ہے۔




کی اہمیت
کی ذمہ داریوں کی اہمیت کو اُجاگر کرتا ہے۔بھارت

سہولت کے ذریعے ووٹروں کی شمولیت کو فروغ دیتا ہے۔ایسے اقدامات کا مقصد ہر شہری کےلئے شرکت، رسائی اورمجموعی طور پر ووٹنگ کے تجربے کو بہتر بنانا ہے لوگوجشن کے اصل مقصد کو ظاہر کرتا ہے ساتھ ہی اشوک چکر جمہوریت کی نمائندگی کرتا ہے انگلی پر لگی سیاہی ووٹر کی طاقت کو بیان کرتی ہے اور ٹک کا نشان باخبر فیصلہ سازی کی عکاسی کرتا ہے۔یہ سب مل کر اعتماد،سب کو شامل کرنے کا جذبہ اور انتخابی عمل میں حصّہ لینے

### قومی رائے دہندگان کے اثرات کو بڑھانا اور اسکے پیغام کو دور دور تک پہنچانا

بی ایل او کا کام قومی یوم رائے دہندگان کو زیادہ سے زیادہ مقبول بنانا ہے آگاہی کی کمی، بے محلیّت کا ادراک،حل تلاش کرنا ہے۔بوتھ لیول افسران مرکزی کردار نبھاتے ہیں۔بی ایل او:

**آگاہی پیدا کریں گے:** پُر اثر پوسٹروں،معلوماتی پمفلٹوں اور ڈیجٹل پلیٹ فارموں کو بروئے کار لاکرشہریوں کو بااختیار بنانے میں اور جمہوریت کی بنیادوں کو مضبوط بنانے میں اس کےاہم کردار کو نمایاں کریں گے۔

**مقامی برادریوں کو شامل کریں گے:** شہریوں کو سی ای او کےذریعےمنعقدتعامُلی سرگرمیوں جیسےمعلوماتی آزمائش، مباحثے اور ثقافتی پروگراموں میں شرکت کرنے کے لئے حوصلہ افزائی کرناتاکہ تقاریب کو دلچسپ اور لوگوں سے وابستہ بنایا جائیں۔

**شہری بےحسی کے رویہ کا مقابلہ کریں گے:** ورچوئل عہدناموں اور پولنگ بوتھوں پر تقاریب منعقد کر کے ذریعے شہریوں کی شرکت کو بڑھائیں گے۔

**اہم سرگرمیوں کو منظم کریں:** نئےووٹروں میں الیکٹرانک فوٹو شناختی کارڈ تقسیم کرنا،قومی یوم رائے دہندگان پر عہد دلانا اور سوشل میڈیا اور واٹس ایپ گروپوں میں تخلیق کردہ آڈیو-ویژول مواد کو پھیلانا تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ حصّہ لے سکیں۔

**مواصلات کو مقامی بنائیں گے:** ایسے پیغامات تیار کرنا جو زبان اور ثقافت کے لحاظ سے متعلقہ ہوں اور یہ ظاہر کریں کہ ووٹ ڈالنے سے مقامی کمیونٹیوں پر کیا اثر پڑتا ہے۔


**بنیادی سطح کی کوشِشوں کو مضبوط بنائیں گے:** دیہی اور پسماندہ علاقوں میں لوگوں کی شمولیت کو یقینی بنانے کےلئے مقامی رضاکاروں مثلاً پنچایتوں،آر ڈبلیو اے کے نمائندوں اور ترقیاتی محکمہ کے عہدیداروں اور آشاورکروں کے ساتھ تعاون کرنا۔

یہ اقدامات بی ایل اوز کو اس قابل بناتے ہیں کہ وہ قومی یوم رائے دہندگان کو وسیع پیمانے پر منائی جانے والی تقریب سے سرفراز کریں،جمہوری اقدار کو فروغ اور رائے دہی میں لوگوں کی زیادہ سے زیادہ شمولیت کی حوصلہ افزائی کریں۔




بی ایل اوز کو سماج میں مختلف پلیٹ فارموں اور مختلف مواقعوں پر پہچان مل رہی ہے اور ان کو خراج تحسین پیش کیا جاتا ہے ایسی ہی ایک تقریب میں NDTV نے مختلف شعبہ جات میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے بی ایل اوز کی عزت افزائی کی اور انکے غیر معمولی تعاون کا بھی جشن منایا گیا۔

# زمین سے جڑی کہانیاں



## بوتھ لیول افسر کا حوصلہ افزاء سفر

**نام: یونس سلیم**
**حصّہ نمبر:82منارکد(054)یلگّد،**



میں محترم یونس سلیم ایس۔آر،30نومبر2010 سے بوتھ لیول افسر کی حیثیت سے کام کررہا ہوں اس کام کو دلجمعی سے کرتے ہوئے میں نے بی ایل اوز کےلئے تربیتی پروگراموں میں بڑی گرمجوشی سے حصّہ لینا شروع کیا اور انتخابی کمشن کی وئب سائٹ پر دستیاب مواد کا مطالعہ کرکے اپنے آپ کو ضروری معلومات سے روشناس کرکے اپنے کام پر عبور حاصل کیا۔

آل انڈیا فٹ بال فیڈریشن کےلئے قومی ریفری ہونے سے بھی مجھے اپنے علاقے کے فٹ بال شائقین سے ملنے جُلنے کا ایک انوکھا موقعہ ملا۔ایک صاف ستھری ووٹر فہرست مرتب کرنے اور ووٹر پرچیوں کی مناسب تقسیم کاری کو یقینی بنانے کےلئے میں نے گھر گھر جا کر تفصیلی دورے کئے۔اور پولنگ بوتھ کا نقشہ تیار کرکے ہر ایک گھر کو منفرد نمبر تفویض کیا۔Excelکو بروئے کارلاکر میں نے باریک بینی سےڈیٹا منظّم کیا ۔دہرے ووٹروں اور پولنگ بوتھ سے باہر علاقوں سے وابستہ ووٹروں کی شناخت کی۔ہر انتخاب کے بعد میں نے اُس ووٹر فہرست کا تجزیہ کیا جنہوں نے اپنے ووٹ کا استعمال نہیں کیا تھا اور پھر ووٹر فہرست کو حسبُہ جدید بنانےاور دُرست بنانے کےلئے کام کیا۔

میں نے ووٹروں کو ایک بوتھ سے دوسرے بوتھ میں منتقل کرنے کےلئے سہولت پیدا کی اور ضروری دستاویزات جمع کرلئے۔اس عمل کو دیگر بی ایل اوز کے ساتھ بانٹ لیا تا کہ اس کی موثر عمل آوری کو یقینی بنایا جائے۔آخر کار میری لگن نے مجھے منارکداسمبلی حلقے کے بہترین بی ایل او کی حیثیت سے پہچان دلائی۔

## انتہائی لگن سے انتخابی مسائل کا حل نکالنا

**نام - جوئیتا سرکار**
**AC نمبر - 187، جمپدانی اسمبلی حلقہ، مغربی بنگال**
**حصہ نمبر-124، چوک پرتھمک**



شریمتی جوئیتا سرکار،ایس ایس آر 2025کی خصوصی مختصر نظرثانی سے قبل نظرثانی کی مدت کے دوران بطور بی ایل او فوت شدہ رائے دہندگان کے ناموں کو حذف کرنے کا کام ضابطوں کی رُکاوٹوں کی بنا پر دشوار ثابت ہوا۔

اس کے قابل ذکر کارناموں میں چھابی ماجھی ایک ان پڑھ خاتون کی مدد کرنا شامل ہے۔اس نے انتظامی ڈیسک کے ساتھ رابطہ کرکے ضروری دستاویزات حاصل کرنے اور فارم 6کو جمع کروانےمیں اسکی مدد کی ۔اسی طرح جادَو گوپال بھٹاچاریہ،ایک فوت شدہ رائے دہندہ جس کے کنبے کو فوتیدگی سرٹیفکیٹ حاصل کرنے میں جدوجہد کرنی پڑی۔اُس نے فوتیدگی سرٹیفکیٹ جاری کرنے کے عمل میں سہولت پیدا کی۔فارم7 کو مکمل کیا۔اور ووٹر فہرست میں اُس کے نام کو حذف کرنے کا عمل مکمل کیا۔یہ واقعات اس بات کی غماز ہے کہ وہ انتخابی فہرست کو مکمل طور پر شمولیتی اور دُرست بنانے کے لئے پُرعزم ہے۔



## اُس بیوہ ووٹر کو میرا سلام

**نام:کلدیپ سنگھ سولنکی**
**حصّہ نمبر:90گرام پنچایت بھون بنجالی،219دیہی رتلام (ایم پی)**

حالیہ اسمبلی اور لوک سبھا انتخابات میں مدھیہ پردیش کے اکثر مقامات میں رائے دہی کی شرح بہت کم رہی۔یہ دونوں انتخابات چھ مہینوں کے دوران منعقد کئے گئے۔محترمہ سویتا بائی نناما،ایک بیوہ کی کہانی رائے دہی کی اہمیت اور جمہوریت میں ایک خاتون کے کردار کو اُجاگر کرتی ہے۔سویتا بائی رائے دہی کے دن اپنے بیٹے کے ہمراہ پولنگ بوتھ پر آئی تھی اس بات کے باوجود کہ کچھ دِنوں قبل اسکے خاوند کی المناک موت کے باعث شاید اس کو گھر سے باہر نکلنے سے منع کیا گیا تھا۔

سویتا بائی عجلت میں رائے دہی کےلئے ضروری دستاویزات مثلاً ووٹر آئی ڈی یا آدھار کارڈ ساتھ نہیں لائی تھی۔صدر نشین افسر نے ووٹ دینے سے روکا۔افسردہ لیکن پُر عزم دل کے ساتھ اُس نے ووٹ دینے کا فیصلہ کیا۔رتلام شہر میں ایک کمپوٹر سینٹر سے دوسرے سینٹر کا رُخ کیا۔آن لائن آدھار کارڈ کا پرنٹ 150 رُوپے میں خرید لیا۔ووٹ دینے کے بعد ماں اور بیٹا اپنے گاؤں چلے گئے تاکہ وہ اپنے متوفی خاوند کی تیرہ دِنوں کے رسوم کو پورا کرسکے۔
اس دن کے واقعے کو دیکھ کر میں نے ذہن وقلب سے سویتا کو خراج تحسین پیش کیا اور ایک غیر تعلیم یافیہ لیکن با خبر خاتون ہونے کے باوجود جمہوریت کے تئیں اُس کے یقین،اعتماد اور عزم کو دیکھ کر مجھےانتہائی خوشی ہوئی۔اگر سویتا کی طرح صرف ہمارے ملک کے تمام رائے دہندگان نے اسی ذمہ داری سے اپنے ووٹ کا استعمال کرنا شروع کیا تویقیناً جمہوریت کی جڑیں مضبوط اور گہری ہو جائینگی۔



## ہم سب مل کر کامیاب ہونگےٍ،ہم سب مل کر اگے بڑھیں

**نام: پریم سنگھ**
**حصہ نمبر: 168، کاشی نگر، ناگور، سب ڈویژن مکرانہ، راجستھان**

حصّہ نمبر 168 آٹھ کلومیٹر کے دائرے پر محیط ہے جہاں زیادہ تر رہائشی فارم ہاوسوں اور پھیلی ہوئی آبادیوں میں رہتے ہیں۔جب بھی پولنگ بوتھ پر رجسٹریشن کیمپوں کا انعقاد کیا جاتا ہے میری یہی کوشش رہتی ہے کہ تمام ووٹروں کو ایک دن قبل ہی اس کی اطلاع دی جائے۔
جب ووٹر شناختی کارڈوں کو آدھار نمبر سے جوڑنے کا عمل شروع ہوا،میں ہر ایک ووٹر کے پاس گیا اور انتھک محنت کی۔اس کوشش کے نتیجے میں میں نے اس علاقے کے 95 فیصدی رائے دہندگان کو آدھار کارڈ کے ساتھ جوڑا۔اس کے ساتھ ساتھ میں نے رائے دہی کی اہمیت سے متعلق سب کو واقفیت دی اور ان کو اپنا ووٹ استعمال کرنے کی حوصلہ افزائی کی۔لوگوں کا جوش و خروش حیرت انگیز تھاجس سے پولنگ بوتھ میں ووٹ کی شرح میں اضافہ ہوا۔اس علاقے میں ایسا کوئی ووٹر نہیں ہے جو مجھے پہچانتانہ ہو۔یہ میری محنت اور عوام کے ساتھ مسلسل رابطہ کاری کا ہی نتیجہ ہے جس سے مجھے 90 فیصدی رائے دہی حاصل کرنےمیں کامیابی حاصل ہوئی اس معرکے کو سرانجام دینے پر مجھے راجستھان کے عزت مآب گورنر کے ذریعے ریاستی سطح کے ایوارڈ سے نوازا



## انتخابی عمل کو اعلیٰ معیار تک پہنچانے کا

**نام: چندرا بہادر چھتری**
**حصّہ نمبر3/8گیتانگ،03-مانی بونگ ڈینٹم،گیالشنگ،سِکم**

مانی بونگ ڈینٹم جاگریڈنگا حلقہ کے رہنے والے محترم چندرا بہادر چھتری ڈینٹم بی اے سی میں دیہی ترقی کے محکمے کے تحت گرام روزگار مددگار(جی آر ایس) کے طور پر خدمات انجام دیتے ہیں3/8گیتانگ بلاک کے بوتھ لیول افسر کے طور پر اپنے کردار کو نبھاتے ہوئے اس نے غیر معمولی لگن اور تندہی کا مظاہرہ کیا ہے۔محترم چھتری نے بی ایل او کا ایپ استعمال کرتے ہوئے گھر گھر جاکر ایک جامع سروے عمل میں لائی اور انتخابی عمل میں بہترین کارکردگی کے لئے اپنی وابستگی کو ظاہر کرتے ہوئے،مقررہ تاریخ پر خصوصی مختصر نظرثانی کو کامیابی سے انجام دیکر انتخابی عمل کو اعلیٰ معیار تک پہنچانے کےلئے اپنے عزم کا مظاہرہ کیا۔

## شہری بے حسی کا ازالہ کرنا



**نام:کرشنا وینی**
**حصّہ نمبر:163، 117 بھدرادری**
**کوٹھا گوڈیم، تلنگانہ**

محترمہ کرشنا وینی،پچھلے اٹھارہ سال سےکوٹھاگودم کی بی ایل او ہے۔کوتھا گودم پولنگ سٹیشن شہری لوگوں کی ملی جلی جماعت ہے اس کی آبادی1890افرادپرمشتمل ہے جس میں 1261 رائے دہندگان شامل ہے۔گوناگوں آبادیوں جیسے قریبی گاؤں/قبائلی علاقوں،کے یومیہ اجرت والے کامگراں،مہاجرین،طلبا وغیرہ پر مشتمل علاقے میں بی ایل او کے فرائض احسن طریقے سے انجام دینے کےلئے اُس نے ہر ایک کے ساتھ کامل تعلق استوار کیا۔

اس سمت میں اُس نے گھر گھرجاکر تصدیق کی جو انتخابی فہرست میں ناموں کو شامل کرنے،حذف کرنے یا تبدیلیاں عمل میں لانے کےلئے اہم ہے۔وضع کردہ طریقہ کار اپنانے،خصوصی مختصر نظرثانی کے ایک حصّےکے طور پر خصوصی مہم دنوں کاانعقاد کرنے،رائے دہندگان کو مشغول کرنے کے لئے سرگرمیوں جیسے 2 کلومیٹر/5 کلومیٹر دوڈ کو منعقد کرنے،رنگولی کے مقابلے، پولنگ بوتھ سے متعلق بیداری پیدا کرنے کےلئے گروپ میٹنگوں کا انعقاد کرنے پر توجہ مرکوز کی۔

سرکاری فلیگ شپ پروگراموں جیسےWCD ،صحت وغیرہ کے پروگراموں کے ساتھ ووٹروں کی بیداری کو جوڑنے کے ذریعے پسماندہ جماعتوں جیسے تیسری جنس،معذور اشخاص،بزرگ شہری،جنسی کارکنان، وغیرہ کے اندراج کےلئے خصوصی کوششیں کی جارہی ہیں۔

وینی کا کہنا ہے کہ یہ نہایت ہی اطمینان اور قدرے فخر کی بات ہے کہ اندراج کرنے اور تبدیلیاں کرنے کےلئے فارم (مثلاً فارم6،8)کو مرتب دینے کےلئےمیں بی ایل او ایپ کااستعمال کرسکتی ہوں۔اسطرح سے نوجوان ووٹر اپنے ای پی آئی سی کارڈ براہ راست گھروں میں حاصل کرسکتے ہیں۔

گذشتہ عام انتخابات کے دوران ووٹر معلوماتی پرچیاں،اور ووٹر گائیڈ تمام رائے دہندگان کو پولنگ سٹیشن میں فراہم کئے گئے تھے اس کے ساتھ ساتھ معذور اشخاص،بزرگ شہریوں اور ضرورتمند اشخاص کو بھر پور تعاون پیش کیا گیا تھا ان

URL:
https://drive.google.com/file/d/1YiVRlxLYsi_uAJIynNULYuCRrzMruejW/view?usp=sharing

Click on URL

## ملک بھر میں دیگر بی ایل اوز کےلئے مشعل راہ



**نام:سُنیتا ورما**
**حصّہ نمبر:60128دھر،ضلع-چوپال،شملا-**
**قصبہ، ہماچل پردیش**

لوگوں کے ساتھ کام کرنے کے تجربے کے ساتھ اُس نے 2024 ریاستی اسمبلی کے انتخابات کے دوران اپنے پولنگ بوتھ میں ریکارڈ ووٹنگ ہونے کو یقینی بنانے کےلئے جدید تکنیکوں اور ڈیجٹل ٹولز کو یکجا کیا۔اُس نے نئے ووٹروں اور پسماندہ گروپوں کو ان کے انتخابی حقوق کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کےلئے ورکشاپوں کا انعقاد کیا۔اس عمل کو اور قابل رسائی بنانے کےلئے اس نے ووٹر ہیلپ لائن ایپ اور ای-ویجل جیسے ٹولز کا استعمال کیا جس سے شہریوں کو صحیح وقت کے اندرشکایات کا ازالہ کرنے اور رجسٹریشن کے بارے میں تازہ ترین معلومات حاصل کرنے میں مدد ملی۔

سُنیتا نے مقامی سکولوں اور کالجوں کے ساتھ تعاون کیا۔نوجوانوں میں شہری ذمہ داری کو بیدار کرانے کےلئے تخلیقی سرگرمیاں جیسے مضمون نویسی کے مقابلوں اور مصنوعی پولنگ تقاریبوں کا اہتمام کیا۔

کمیونٹی میں آگاہی پیدا کرنے اور بااختیار بنانے میں اُس کی انتھک کوششیں 95 فیصدی رائے دہندگان کے انتخابات میں حصّہ لینے کی صورت میں بار آور ثابت ہوئی۔جو کہ ضلع میں سب سے زیادہ تھی۔فوری اصلاح کےلئے موجودہ ٹکنالوجیوں جیسے KYCایپ کا استعمال کرکے اور سوشل میڈیا کے ذریعے بیداری مہم چلائے جانے کے ذریعے اپنی صلاحیتوں اور عزم کو ثابت کیا۔




## 2024عام انتخابات میں رائے دہندگان کی شمولیت

نام:اشفاق احمد شاہ
حصّہ نمبر:24 درانین،43 مغربی اننت ناگ،راجوری،
مرکزی علاقہ جموں و کشمیر

2024 کے عام انتخابات میں گھر پر ووٹ ڈالنے کے عمل کی تیاری میں ہمارا پہلا کام خصوصی صلاحتوں کے حامل ووٹروں اور اُن ووٹروں کی جن کی عمر پچاسی برس یا اس سے اُوپر ہو شناخت کرنا تھا۔بوتھ لیول بیداری گروپ کے اراکین کے ہمراہ میں اُن ووٹروں کے گھر پر گیا اُن کو گھر پر ووٹ دینے کے عمل اور اس کے فوائد کے بارے میں جانکاری دی۔حتمی تجویز کے بعد ہم نے تین ووٹروں کی شناخت کی اور

پولنگ سٹیشنوں پر ضروری سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنانے کےلئے میں بی اے جی(BAG) کے اراکین کے ہمراہ باقاعدہ طور پر پولنگ سٹیشنوں پر جاتا تھا۔اور تمام انتظامات کاجائزہ لیتا تھا۔اس بات کو یقینی بنانے کےلئے کہ ضلع انتخابی افسر کے ذریعے متعیّن کردہ شرائط کو پورا کیا جائے۔
انتخابات میں رائے دہندگان کی تعداد کو بڑھانے کےلئے ہم نے گھر گھر جاکر ووٹر معلوماتی پرچیاں تقسیم کیں اور اس کی تفاصیل بی ایل او کے رجسٹر میں درج کیں۔اور ان اوقات کو بھی نوٹ کیا جب ووٹروں نے اپنے ووٹ دیے۔نتیجے کے طور پر انتخابات میں حصّہ لینے والے ووٹروں کی تعداد تین فیصدی سے بڑھکر 2024 میں لگ بھگ 50 فیصدی تک بڑھ گئی۔
رائے دہی کے دن پولنگ بوتھ پر ایک ہیلپ ڈیسک بھی قائم کیا گیا جس میں ابتدائی طبی امداد کی سہولیتیں دستیاب تھی۔ووٹروں کو نمبر شمارے فراہم کئے گئے۔اور اپنا ووٹ کیسے دیا جائے اس کی نسبت رہنمائی کی گئ ۔سلامتی دستوں کے ہمراہ میں نے قطاروں کے انتظام کی نگرانی کی اور بزرگ شہریوں اور خواتین ووٹروں کے لئے الگ الگ قطاریں قائم کی گئی ۔

## باتوں باتوں میں





## ووٹ دینے سے متعلق بیداری پھیلانے کے طریقے ووٹروں کے ساتھ

**نام:- پڈرائی وائرل رامنیکلال**
**حصہ نمبر:- 141پارلیمانی حلقہ:- 1-کاچھ، 4-انجر، مٹھا پسواریہ، گجرات**

میں نے گھر گھر سروے سو فیصدی کامیابی کے ساتھ مکمل کی۔آدھار سے جوڑنے کا کام مکمل کیا اور سو فیصدی آن لائن تصدیق کے ساتھ خالص،شفاف انتخابی فہرست تیار کی۔میرے پولنگ سٹیشن کے ہر ووٹر کے پاس اب ایک اعلیٰ معیار کا رنگین PVC ووٹر کارڈ ہے اور پُرانے انتخابی کارڈوں (یعنی GJ/01/005/...)کو منسوخ کیا گیا۔چناو پاٹھ شالہ جیسے اقدامات کے ذریعے میں نے جامع بیداری مہمات کی رہنمائی کی تاکہ وہ دوردور تک پھیلیں اورزیادہ سے زیادہ لوگ اس میں شرکت کریں۔ان کاوشوں سے انتخابات میں ووٹ دینے والوں کی تعداد میں شاندار اضافہ ہوا جس میں 2019 کے پارلیمانی انتخابات میں 91.60فیصدی،2022 کے اسمبلی انتخابات میں95.47 فیصدی اور 2024 پارلیمانی انتخابات میں ریکارڈ توڑ 96.84 فیصدی شامل ہیں۔ان میں میرا پولنگ بوتھ شامل ہے جہاں پر رائے دہی کی شرح سب سے زیادہ رہی۔میری ان کاوشوں کا اعتراف کرتے ہوئےمجھے قومی یوم رائے دہندگان پرضلع کاچھ کے باوقار "بہترین بی ایل او ایواڈ" سے نوازا گیا۔
رائے دہی سے متعلق بیداری پھیلانے کےلئے کچی گیت"آو بھارت آیا" کا استعمال ووٹروں کی حوصلہ افزائی کرنے کا اہم ذریعہ ثابت ہوا۔اس گاؤں کے ایک سرگرم استاد اور بہترین بی ایل او جس کی انتھک کوشِشوں کی بدولت مٹھا پسواریہ گاؤں میں قابل ذکر ترقی ہوئی ہےکو ہم خراج تحسین پیش کرتے ہے۔

## انتخابی عمل میں شمولیت کے لئے بااختیار بنانا



نام: رنجیتا پاکیرا
پولنگ سٹیشن - 33، سڈما، سمری،
بلرام پور-رامانوج گنج ضلع، چھتیس گڑھ

https://drive.google.com/file/d/1IltUprMYm99g2u52GC_51xNwHDBhxfAs/view?usp=sharing
Click on URL

## انتخابی شمولیت اور ڈیجیٹل رسائی کو بڑھانا



نام: محترم محمد صادق، (بہترین بی ایل او، ضلع کرگل-2024)
پولنگ اسٹیشن نمبر: 343 اب 347 - بارو، کارگل،مرکزی علاقہ جموں و کشمیر

https://drive.google.com/file/d/1wJ8BPeT_wlwOX-__G4xhigl84spGi4r5/view?usp=sharing
Click on URL

## ایک بی ایل او نےNDTV شو کے دوران اپنے تجربات سے روشناس کیا



نام: محترمہ انیتا منج
پولنگ اسٹیشن نمبر 425، پالامو، جھارکھنڈ

https://drive.google.com/file/d/1jrBsLIvg3opVaXyOL8wzz2Zh2de_Jk5D/view?usp=sharing
Click on URL

## جمہوریت کے عملی مظاہرے کا ثبوت:لوک سبھا عام انتخابات 2024 کےاہم

